# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## اہم ترین

انتخابی عمل مکمل ہونے کے 4 روز بعد بھی نتائج میں غیر قانونی ردوبدل کی مکروہ کوششیں پاکستان کو عدمِ استحکام کی دلدل میں دھکیلنے اور معیشت کو موت کے گھاٹ اتارنے کا منصوبہ ہے،

آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انتخابات ملک کو بحرانوں سے نکالنے کا ناگزیر جمہوری اور دستوری رستہ تھا جسے الیکشن کمیشن اپنی مجرمانہ نااہلی اور مکروہ ایجنڈے کی بھینٹ چڑھا رہا ہے،

عوام کی جانب سے واضح فیصلے کے بعد نہایت کمپرومائزڈ ریٹرننگ افسران کے ذریعے اکثریت کو زبردستی اقلیّت میں بدل کر جمہوریت کا قتل کیا جارہا ہے اور پورے انتخابی عمل کی ساکھ اور حیثیت خاک میں ملائی جارہی ہے،

الیکشن کمیشن کی جانبداریت اور انتخابی عمل میں اس کی مجرمانہ مداخلت کے باعث پوری دنیا انتخابات کو سنگین شکوک وشبہات کی نگاہ سے دیکھ رہی ہے،

سپریم کورٹ انتظامی افسران کی بطور ریٹرننگ افسران تعیناتی سمیت الیکشن کمیشن کے حقیقی عزائم کے حوالے سے تحریک انصاف کے خدشات اور تحفظات کو سنجیدگی سے لیتی تو کمیشن کو عوامی مینڈیٹ کے کھلواڑ کی جرات نہ ہوتی،

عوام کے معاشی حالات اور ملکی معیشت عوام کی منتخب اکثریت کی بجائے ٹاؤٹوں اور بنارسی ٹھگوں کے مابین اقتدار کی بندر بانٹ کے ہرگز متحمّل نہیں،

عدالتِ عظمیٰ مداخلت کرے اور عوامی مینڈیٹ کو بلڈوز کرکے عوام کے مسترد شدہ اقلیّتی گروہ کو ملک پر مسلّط کرنے کے مذموم منصوبے کی راہ روکے،

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ